خبر کی اقسام باعتبار عمل وعدم عمل

Www.alehsaan.com
Email: abussaif@yahoo.com
PH : 0092 321 5172522

معمول به — محکم ، ناسخ

غیر معمول به — مختلف الحدیث ، منسوخ

محکم .... مختلف الحدیث

ناسخ .... منسوخ

اقسام باعتبار عمل وعدم عمل

خبر واحد مقبول کی اس تقسیم پر دوعلوم حدیث مبنی هیں :

(۱) محکم الحدیث و مختلف الحدیث

(۲) ناسخ الحدیث و منسوخ الحدیث

محکم الحدیث و مختلف الحدیث

محکم : لغة : أحکم سے مفعول کا صیغه هے جس کا معنی هے پخته ومضبوط . اصطلاحا : هو الحدیث المقبول الذی سلم من معارضة مثله . وه مقبول حدیث جس کے معارض (مخالف) اسی درجه کی دوسری کوئی حدیث نه هو.

مختلف الحدیث : لغة : اسم فاعل بمعنی مخالفت رکھنے والا. اصطلاحا : هو الحدیث المقبول المُعَارَضُ بمثله مع امکان الجمع بینهما . وه مقبول حدیث جس کے معارض (مخالف) اسی درجه کی دوسری کوئی حدیث هو اور دونوں میں جمع کرنا بھی ممکن هو . اور اسکو مشکل الحدیث یا مشکل الأثر بھی کهتے هیں .

مثال :

☆ عن عثمان قال قال رسول الله ﷺ لا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ وَ لَا يُنْكِحُ ولا يخطب (مسلم)

☆ عن ابن عباس رضی الله عنه أن النبی ﷺ تزوج میمونة رضی الله عنها وهو محرم (متفق علیه)

☆ عن یزید بن الأصم ابن أخت میمونة رضی الله عنها أن رسول الله ﷺ تزوجها وهو حلال (مسلم)

☆ عن أبی رافع قال تزوج رسول الله ﷺ میمونة وهو حلال وبنی بها وهو حلال و کنت أنا الرسول بینهما (أحمد , الترمذی)

تعارض کی شروط:

پهلی شرط : اتحاد المحل یعنی جو دو حدیثیں معارض هیں وه ایك هی جگه پر وارد هو رهی هوں , کیونکه اگر محمل بدل جائے تو تعارض نهیں هو گا جیسے که نکاح هے محرم سے نا جائز هے اور غیرمحرم سے جائز هے .

دوسری شرط : اتحاد الوقت یعنی جو دو حدیثیں معارض هیں وه ایك هی وقت میں وارد هوئی هوں . کیونکه اگر وقت بدل جائے تو تعارض نهیں هو گا بلکه ناسخ و منسوخ کے باب سے هوں گی.

تیسری شرط : تضاد الحکم یعنی جو دو حدیثیں معارض هیں ان سے جو حکم ثابت هورها هے وه ایك دوسرے کے متعارض هو مثلا حدیث ﴿ لا یسرق السارق حین یسرق وهو مؤمن (بخاری) ﴾ اور دوسری حدیث ﴿ ما من عبد قال لاإله إلا الله ثم مات علی ذلك إلا دخل الجنة ، قال أبوذر الراوی : و إن زنی و سرق ، قال ﷺ و إن زنی وسرق .(بخاری) ﴾ .

چوتھی شرط : اتحاد النسبة یعنی جو دو حدیثیں معارض هیں وه ایك هی شخصیت پر صادر هو رهی هوں ، کیونکه اگر شخصیت بدل جائے تو تعارض نهیں هو گا .

تنبیه :

جب یه چاروں شرطیں پائی جائیں پھر حقیقی تعارض هوتا هے ، لیکن ان سب کا کسی حدیث میں جمع هونا محال هے ، اور واقعاتی دنیا میں کوئی ایسی احادیث نهیں هیں جن میں یه سب شرائط جمع هوں ، بلکه اکثر ظاهری تعارض هوتا جو کسی کی سمجھ میں نهیں آتا لیکن کسی راسخ عالم کی سمجھ میں آجاتا هے ۔

جب کوئی دو حدیثیں بظاهر متعارض نظر آئیں تو کیا کرنا چائیے ؟

(۱) الجمع بین الأحادیث یعنی جو دو حدیثیں بظاهر معارض هیں سب سے پهلے کوئی ایسا معنی کیا جائے گا جس تعارض ختم هو جائے مثلا:

☆ عن أبی هریرة رضی الله عنه أن النبی ﷺ قال إیاکم والحسد ، فإن تأکل الحسنات کما تأکل النار الحطب (أبو داود)

☆ عن ابن عمر رضی الله عنه عن النبی ﷺ لا حسد إلا فی اثنین رجل أتاه الله القرآن فهو یقوم به آناء اللیل و آناء النهار ... الحدیث (متفق علیه)

(۲) اگر کوئی جمع کی وجوهات میں سے کوئی بھی نه هو سکے تو مقدم اور مأخر کو دیکھا جائے گا اگر اس کا علم هو جائے تو مقدم منسوخ اور مأخر ناسخ هو گی .

(۳) اگر مقدم و مأخر کا بھی علم نه سکے تو وجوهات ترجیح کو دیکھا جائے گا ، اور وجوه ترجیح کا باب بهت وسیع هے .

(٤) اگر مذکوره بالا وجوهات میں سے کوئی بھی ممکن نه هو تو پھرتوقف کیا جاتا هے یهاں تك که کوئی مرجح ظاهر هو جائے لیکن یه صورت شاذ و نادرهے کبھی ایسا هوا نهیں.

ناسخ الحدیث و منسوخه :

تمهید : ناسخ و منسوخ کا علم در اصل محکم الحدیث و مختلف الحدیث کی ایك شق هے ، البته اس کے بعض مخصوص قواعد و تفصیلات هیں جس کی بناء پر اس کی مستقلا اهمیت هے .

تعریف : **لغة** :الإزالة ، یعنی زائل کرنا ، اور النقل یعنی منتقل کرنا .

اصطلاحا : رفع الشارع حکما منه متقدما بحکم منه متأخرا ، یعنی شارع کا اپنے کسی سابق حکم کو بعد والے حکم کے ذریعه ختم کردینا .

ناسخ و منسوخ کی پهچان کیسے هوتی هے ؟

(۱) رسول الله ﷺ خود تصریح فرما دیں جیسے که حدیث بریده رضی الله عنه هے که کنت نهیتکم عن زیارة القبور فزوروها فإنها تذکر الآخرة . (مسلم)

(۲) صحابی کا بیان : جیسے که حضرت جابر رضی الله عنه کا بیان هے که کان آخر الأمرین من رسول الله ﷺ ترك الوضوء مما مست النار . (أبوداود ، نسائی)

(۳) تاریخ کے ذریعه علم هو جائے : جیسیے که حدیث شداد هے : أفطر الحاجم و المحجوم (أبو داود) اور دوسری حدیث : حدیث عباس رضی الله عنه أن النبی ﷺ احتجم وهو محرم صائم (مسلم)

(٤) اجماع کی دلالت : جیسے حدیث معاویة رضی الله عنه من شرب الخمر فاجلدوه فإن عاد فی الرابعة فاقتلوه .